سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# قرآن کریم کے 3 حقوق

25 ستمبر 2025



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ، کُل دورانیہ: 15 منٹ۔

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں قرآن کریم کے 3 حقوق سکھائے جائیں گے اور جل جانے پر پڑھنے کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ بھی ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: مسلمان جب تک مجھ پر دُرُود شریف پڑھتا رہتا ہے فرشتے اُس پر رحمتیں بھیجتے رہتے ہیں، اب بندے کی مرضی ہے کم پڑھے یا زیادہ۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## قرآن کریم کے 3 حقوق

### آیت مبارکہ

اللہ پاک نے فرمایا:

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖؕ اُولٰٓىٕكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖؕ (پارہ:1، البقرہ:121) | تَرْجَمۂ کَنْزُالعِرفان: وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی ہے تو وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسا تلاوت کرنے کا حق ہے یہی لوگ اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ |

حقیقت میں قرآن کریم پر ایمان لانے والے وہی ہیں جو اس کی تلاوت کا حق ادا کرتے ہیں۔[2]

### فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

رسولِ ذیشان، مکی مدنی سلطان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: دین خیر خواہی ہے، عرض کی گئی یارسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! کس کے لئے؟ فرمایا: ❁ اللہ پاک کے لئے ❁ اس کی کتاب (قرآن کریم) کے

1 ... ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلاۃ... الخ، باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، صفحہ:152، حدیث:907۔
2 ... تفسیر مدارک، پارہ:1، سورۃ البقرہ، تحت الآیت:121، جلد:1، صفحہ:126۔

لئے ۞ اس کے رسول کے لئے ۞ مسلمانوں کے اماموں کے لئے ۞ اور عام مسلمانوں کے لئے۔[1]

**مختصر شرح:** ۞ اللہ پاک کے لئے خیر خواہی یہ ہے کہ ❋.. اللہ پاک پر ایمان لانا ❋.. اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا ❋.. اس کی اطاعت کرنا ❋.. نافرمانی سے بچنا وغیرہ ۞ **کتابُ اللہ کے لئے خیر خواہی یہ ہے کہ ❋.. اس کی تلاوت کرنا ❋.. اس میں ذکر کردہ احکامات پر عمل کرنا ❋.. اس کی تعظیم کرنا ❋.. اس کے احکامات کو سیکھنا وغیرہ** ۞ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے لئے خیر خواہی کا مطلب یہ ہے کہ ❋.. پیارے آقا مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم پر ایمان لانا ❋.. آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو آخری نبی ماننا ❋.. سنتیں اپنانا ❋.. ان سیرت پر عمل کرنا ❋.. صحابہ و اہلبیت رَضِیَ اللّٰہُ عنہم سے محبت کرنا وغیرہ۔[2]

## قرآن کریم کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** قرآن کریم کے ہم پر بہت سے حقوق ہیں، ان میں سے آج ہم اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! 3 حقوق سیکھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔

**پہلا حق:** قرآن کریم کی تلاوت کرنا

**وضاحت:** قرآن کریم کا یہ حق ہے کہ قرآن کریم کی اس طرح تلاوت کی جائے جس طرح تلاوت کرنے کا حق ہے یعنی ترتیل کے ساتھ خوب ٹھہر ٹھہر کر، تجوید کا خیال رکھتے ہوئے قرآن کریم کی تلاوت کرنا۔ یاد رہے! قرآن کریم کو اس طرح پڑھنا فرض ہے کہ ایک حرف دوسرے حرف سے ممتاز (یعنی الف اور ع، س اور ص، ق اور ک، ح اور ہ وغیرہ مِلتی جُلتی آوازوں والے حروف ایک دوسرے سے جدا) ہوں، حرکات (زبر، زیر، پیش وغیرہ) صحیح ادا ہوں اور اسی طرح حروف و حرکات کی کمی بیشی سے بھی بچنا فرض ہے، جن کے سبب معنیٰ فاسد ہوں۔[3] **پیارے اسلامی بھائیو! جو درست طریقہ سے قرآن نہیں**

---

1... مسلم، کتاب الایمان، باب ان الدین النصیحۃ، صفحہ: 44، حدیث: 95۔
2... شرح مسلم، للنووی، کتاب الایمان باب بیان ان الدین النصیحۃ، جلد: 1، جز: 2، صفحہ: 45،46، حدیث: 96۔
3... فتاویٰ رضویہ، جلد: 6، صفحہ: 281، ملخصاً۔

پڑھ سکتے انہیں چاہئے کہ مدرسۃ المدینہ بالغان میں داخلہ لے کر درست تجوید و قراءت کے ساتھ قرآن پڑھنا سیکھ لیں اور حقوق کا خیال کرتے ہوئے قرآن کریم کی تلاوت کریں۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: قرآن کریم کا یہ حق ہے کہ اس کو سال میں 2 بار مکمل پڑھا جائے۔(1)

**تلاوت قرآن کے فضائل:** تلاوت قرآن افضل عبادت ہے(2) ❁ قرآن کریم کا ایک حرف پڑھنے پر 10 نیکیوں کا ثواب ملتا ہے(3) ❁ قرآن پاک پڑھنے سے رحمت اُترتی ہے ❁ فرشتے پروں سے سایہ کرتے ہیں ❁ سکینہ نازل ہوتا ہے(4) ❁ قیامت کے دن قرآن پاک اپنے پڑھنے والوں کی شفاعت کرے گا(5) ❁ قرآن کریم پڑھنے والا اللہ پاک کا خاص بندہ ہے۔(6)

**دوسرا حق:** قرآن کریم پر عمل کرنا

**وضاحت:** ہم پر قرآن کریم کا ایک حق ہے اَلتَّخَلُّق بِأَخْلَاقِه، وَالتَّأَدُّب بِآدَابِه یعنی اس میں بتائے ہوئے اخلاق و آداب کو اپنانا۔(7) قرآن کریم میں ہے:

| | |
|---|---|
| وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ<br>(پارہ:8، الانعام:155) | **ترجمۂ کنزُالعِرفان:** اور یہ برکت والی کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے، تو **تم اس کی پیروی کرو۔** |

تفسیر صراط الجنان میں ہے: اس سے معلوم ہوا قرآنِ مجید کا ایک حق یہ ہے کہ اس مبارک کتاب کی پیروی کی جائے اور اس کے احکام کی خلاف ورزی کرنے سے بچا جائے۔(8)

1 … اتحاف السعادۃ المتقین، جلد:5، صفحہ:32۔
2 … کنز العمال، کتاب الاذکار، جز:1، جلد:1، صفحہ:257، حدیث:2261۔
3 … ترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ماجاء فی من قراء حرفا من القرآن، صفحہ:676، حدیث:2910۔
4 … مسلم، کتاب الذکر و دعا، باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن … الخ، صفحہ:1039، حدیث:2699، ملخصًا۔
5 … مسلم، کتاب صلاۃ المسافرین، باب فضل قراءۃ القران و سورۃ البقرۃ، صفحہ:290، حدیث 804۔
6 … کنز العمال، کتاب الاذکار، الجز الاول، جلد:1، صفحہ:258، حدیث:2275۔
7 … جامع العلوم والحکم، صفحہ:89، الحدیث السابع۔
8 … تفسیر صراط الجنان، پارہ:8، سورۃ الانعام، تحت الآیت:155، جلد:3، صفحہ:247۔

**تیسرا حق:** قرآن کریم کی تعظیم کرنا

**وضاحت:** قرآن کریم کا تیسرا حق دل سے اس کی تعظیم کرنا ہے۔ قرآن کریم کی تعظیم کرنا فرض[1] اور توہین کفر ہے۔[2] **قرآن کریم کی تعظیم کے طریقے:** ❁ مثلاً تلاوت کرنے کے بعد اس کو صاف ستھرے اور اچھے غِلاف میں لپیٹ کر اونچی جگہ رکھیں ❁ جتنی ہو سکے اچھی آواز سے اس کی تلاوت کریں ❁ جب اس کی تلاوت کی جارہی ہو خاموشی سے باادب ہو کر سنیں ❁ اس کی طرف پاؤں نہ پھیلائیں ❁ اس سے اونچا نہ بیٹھیں۔ سلطان محمود غزنوی رحمۃُ اللہِ علیہ کو وفات کے بعد کسی نے خواب میں دیکھ کر پوچھا: اللہ پاک نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ سلطان محمود غزنوی رحمۃُ اللہِ علیہ نے فرمایا: ایک مرتبہ میں کہیں مہمان تھا، جس کمرے میں مجھے ٹھہرایا گیا، وہاں قدموں کی جانب طاق میں قرآن کریم رکھا تھا، میں نے سوچا کہ قرآنِ کریم کو باہر بھجوادوں، پھر خیال آیا کہ میں اپنے آرام کی خاطر قرآن کریم کو باہر کیوں نکالوں؟ بس یہ سوچ کر میں نے قرآن کریم کی تعظیم کی اور ساری رات بیٹھا رہا اور اس طرف پاؤں نہیں کئے، بس اسی وجہ سے اللہ پاک نے مجھے بخش دیا۔[3]

## دہرائی

آج ہم نے قرآن کریم کے 3 حقوق سیکھے: (1): قرآن کریم کی تلاوت کرنا (2): قرآن کریم پر عمل کرنا (3): قرآن کریم کی تعظیم کرنا۔

---

1 ... فتاویٰ شارح بخاری، جلد: 1، صفحہ: 237۔

2 ... کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ: 194۔

3 ... دلیل العارفین، مجلس: 5، صفحہ: 28،27۔

# سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

## جل جانے پر پڑھنے کی دعا

اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ

**ترجمہ:** اے تمام لوگوں کے رب! تکلیف دور فرما، شِفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے، تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں۔(1)

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابین یا اِشْرَاق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں

---

1 ... سنن الکبریٰ للنسائی، جلد: 9، صفحہ: 376، حدیث: 10797، مدنی پنج سورہ، صفحہ: 219۔

میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39): کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40): ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41): وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42): عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43): صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44): مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟ (45): بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟ (46): کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47): چوک درس دیا یا سنا؟ (48): والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49): اِسْرَاف سے بچے؟ (50): ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟ (51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟ (52): زبان کے گناہوں سے بچے؟ (53): فضول باتوں سے بچے؟ (54): مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟ (55): عمامہ شریف باندھا؟ (56): ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57): اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟ (58): ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟ (59): ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟ (60): یومِ تعطیل اِعتِکَاف کیا؟ (61): مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟ (62): ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟ (63): ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟ (64): علاقائی دورہ کیا؟ (65): پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟